بعد آپ سے ۴۵ منٹ کا ایک تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کرایا۔ جس میں سرفہرست افغانستان کی صورتحال، جہاد افغانستان، تحریک طالبان کے ساتھ دارالعلوم کا کردار، عالم اسلام کی صورتحال اور عالم اسلام کے عظیم مجاہد اور ہیرو اسامہ بن لادن کی شخصیت سرفہرست تھی۔ آئندہ ماہ امریکہ سے افغانستان اور مدارس کے کردار کے حوالہ سے یہ رپورٹ اور انٹرویو نشر کیا جائیگا۔

وفیات: دارالعلوم کے ایک انتہائی مخلص جناب صاحبزادہ صاحب کو صدمہ

گذشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ اور حضرت مولانا عبدالحق صاحب رحمہ اللہ کے ایک انتہائی مخلص اور معتقد جناب صاحبزادہ صاحب کے والد صاحب مختصر علالت کے بعد انتقال فرماگئے۔ مرحوم انتہائی پاکباز اور نیک انسان تھے۔ تبلیغی جماعت کے ساتھ عمر بھر وابستہ رہے۔ علالت کے دوران بھی تبلیغی جماعت کے ساتھ رہے۔ اور اسی دوران آپ پر فالج کا جان لیوا حملہ ہوا۔ ہسپتال میں ایک دوروز رہنے کے بعد آپ کا انتقال ہوا۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحومؒ کی نماز جنازہ میں علاقہ بھر سے کثیر تعداد میں علماء اور مختلف شخصیات کے علاوہ دارالعلوم کے اساتذہ اور طلباء کی اکثریت نے شرکت کی۔ مرحومؒ ماہنامہ الحق کے ناظم جناب نثار محمد صاحب کے رشتہ میں چچا تھے۔ ماہنامہ الحق اور دارالعلوم حقانیہ اس غم میں پسماندگان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومؒ پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں۔

دارالعلوم کے خادم محمد شریف کو صدمات: جامعہ کے پرانے مخلص خادم محمد شریف صاحب کو گذشتہ ماہ پے در پے دو بڑے حادثے پیش آئے۔ پہلے ان کی بڑی بہن کا اچانک انتقال دارالعلوم میں ہی ہوا۔ مرحومہ اپنی بیمار ماں کی عیادت کے سلسلہ میں چارسدہ سے آئیں اور آتے ہی اپنی ماں کے پیروں میں آکر سر رکھ دیا۔ عیادت کرنے کے بعد آپ نے اپنے سینے میں درد اٹھنے کی شکایت کی۔ اور آہستہ سے اپنی ماں کی آغوش میں اپنی جان جان آفریں کے سپرد کردی۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔ اس کے چند روز بعد محمد شریف صاحب کی دوسری بہن کا انتقال بھی مختصر علالت کے بعد ہوا۔ ان دردناک حادثات پر ہم محمد شریف صاحب کے ساتھ دلی تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین "الحق" سے بھی ان تمام مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔ ☆☆☆